**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 12 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۲؍ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ آیوشمان بھارت صحت عامہ منصوبے کی توسیع ‘ مرکزی کابینہ کا فیصلہ

☆ ریزرویشن سسٹم کو کوئی بگاڑ نہیں سکتا ‘ مرکزی وزیر داخلہ کا تیقن

☆ وزیر اعلیٰ تیرتھ درشن منصوبے کے تحت ناندیڑ سے ایودھیا کے لیے نکلے گی پہلی ٹرین

☆ سویابین اور کپاس کی ضمانتی قیمتوں میں اضافہ‘ برآمد کی اجازت دینے سے متعلق بھی حکومت کا مثبت اِرادہ ‘ نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار

**اور**

☆ بھارتی ہاکی ٹیم ایشین چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں داخل

**اب خبریں تفصیل سے...**

آیوشمان بھارت صحت عامہ منصوبے کی توسیع کی گئی ہے۔ اِس یوجنا کے تحت اب 70؍سال سے زیادہ عمر کے شہریان 5؍لاکھ روپئے تک کا علاج مُفت کرواسکیں گے۔ مرکزی کابینہ کے کل منعقدہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ مرکزی وزیر برائے اطلاعات و نشریات اشوِنی ویشنو نے کابینی اجلاس کے بعد صحافتی کانفرنس میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ ملک بھر کے 6؍کروڑ بزرگ شہریان اِس سے مستفیض ہوں سکیں گے۔

اِسی طرح پی ایم ای ڈرائیو یوجنا کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ اِس منصوبے سے ٹو وہیلر ‘ تھری وہیلر ‘ ٹرک‘ ایمبولنس اور ای بسوں کو سہولت ملے گی ۔ یہ منصوبہ 2؍برسوں کے لیے نافذ العمل رہے گا۔ اِس کے لیے 10؍ہزار 900؍کروڑ روپیوں کا فنڈ بھی منظور کیا گیا ہے۔ جناب ویشنو نے بتایا کہ اِس منصوبے کے تحت ملک بھر میں چارجنگ اسٹیشنوں کی تعداد بڑھائی جائے گی۔ انھوں نے بتایا کہ اِس منصوبے کے تحت ملک بھر میں 88؍ہزار چارجنگ اسٹیشن قائم کیے جائیں گے۔

اِس کے لیے ملک بھر میں پن بجلی منصوبوں کے لیے 12/ہزار 461/کروڑ روپئے ' پی ایم دیہی سڑک منصوبے کے لیے 70/ہزار 125/کروڑ روپئے ' پی ایم ای بس یوجنا کے تحت 38/ہزار کروڑ روپئے اور مشن موسم کے لیے 2/ہزار کروڑ روپئے فنڈ کی بھی منظوری کل ہوئے کابینی اجلاس میں دی گئی ۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امِت شاہ نے کہا ہے کہ ملک کے ریز رویشن سسٹم کو کوئی بگاڑ نہیں سکتا۔ خیال رہے کہ ایوانِ زیرین یعنی لوک سبھا میں حزب مخالف کے رہنما راہل گاندھی نے امریکہ میں ایک نیوز چینل کو دیے گئے انٹرویو میں ملک میں ریزرویشن ختم کیے جانے سے متعلق بات کہی تھی۔ اِسی کے جواب میں جناب شاہ نے اپنے سوشل میڈیا پیغام کے ذریعے راہل گاندھی اور کانگریس پارٹی پر نکتہ چینی کی۔ انھوں نے کہا کہ راہل گاندھی کے اِس بیان سے کانگریس پارٹی کے ریز رویشن مخالف خیالات کا اظہار ہوتا ہے۔

اِسی سلسلے میں نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ کانگریس پارٹی ووٹوں کے لیے بے بنیاد بیان دے رہی ہے۔ وہ کل ناگپور میں اخباری کانفرنس میں اظہار خیال کر رہے ۔

***** ***** *****

اِسی دوران مہاراشٹر کانگریس کے سر براہ نانا پٹولے نے کہا کہ بی جے پی راہل گاندھی کے ریز رویشن سے متعلق بیان کا غلط مطلب بیان کر رہی ہے۔ انھوں نے راہل گاندھی کی بات کو واضح کرتے ہوئے کہا کہ وہ ریز رویشن کے خلاف نہیں ہے بلکہ 50/فیصد سے زیادہ ریز رویشن دیے جانے کے حق میں ہیں۔ جناب نانا پٹولے نے کہا کہ بی جے پی اپنے غلط بیانوں سے اپنا ریز رویشن مخالف چہرہ نہیں چھپا سکتی۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے سویابین اور کپاس کی ضمانتی قیمتوں میں اضافہ اور برآمد کی اجازت دینے سے متعلق مثبت اشارہ دیا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے کل اِس خصوص میں منترالیہ میں منعقدہ اجلاس میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ حکومت گنّے کی Fair and Remunerative Price ایف آر پی میں اضافے سے متعلق بھی مثبت اِرادہ رکھتی ہے۔ جناب اجیت پوار نے مزید کہا کہ اِس سال موسم خریف میں ہوئی موسلا دھار بارش کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے ہیں اُس کے پنچ نامے کیے جا رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایک بھی نقصان زندہ کاشتکار امداد سے محرم نہ رہے اِس بات کا خاص خیال رکھا جائے گا۔

***** ***** *****

وزیر برائے آب رسانی و صفائی گلاب راؤ پاٹل نے جل جیون مشن اور صاف بھارت مہم میں تیزی لانے کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل منترالیہ میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ کچرے کا مناسب بندوبست ' عوامی بیت الخلاء کی تعمیر اور ذاتی مکانات کے تعمیری کام تیزی سے مکمل کیے جائیں۔ اِس موقعے پر جناب گلاب راؤ پاٹل نے مذکورہ کاموں کے لیے 15/ویں مالی کمیشن کے تحت مختص کردہ فنڈ کو بروئے کار لانے کی ہدایت دی۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوا نی چھتر پتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

وزیر اعلیٰ تیرتھ درشن منصوبے کے تحت مہاراشٹر سے پہلی ٹرین ایودھیا درشن کے لیے روانہ ہوں گی۔ یہ ٹرین آئندہ 20/ سے 22/ستمبر کے دوران ناندیڑ سے روانہ ہونے کا امکان ہے۔ اس سفر کے لیے انتظامیہ نے تمام تیاریاں مکمل کرلی ہیں۔ ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے یہ معلومات دی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ویوشری یوجنا سے مستفیض ہونے کے لیے ناندیڑ ضلعے کے 30/ ہزار شہریان نے درخواستیں جمع کروائیں ہیں۔ خیال رہے کہ اِس اسکیم کے تحت بزرگ شہریان کو تمام ضروری اسباب خریدنے کے لیے 3/ ہزار روپے امداد دی جائے گی۔

***** ***** *****

بھارتی ہاکی ٹیم ایشین چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں داخل ہو چکی ہے۔ چین میں کھیلی جا رہی اِس چیمپئن شپ میں کل بھارت نے سابقہ چیمپئن ملیشیاء کو 8 - 1/ سے شکست دی۔ مقابلے میں بھارتی کھلاڑی راجکمار پال نے 3/ گول کیے اِسی طرح ارائی جیت سنگھ ہنڈل نے 2/گول اور گُجر سنگھ ' ہرمن پریت سنگھ اور اُتم سنگھ نے فی کس ایک ایک گول کیے۔ اِس چیمپئن شپ میں بھارت کا اگلا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے تحت دھاراشیو ضلعے میں گزشتہ 10/ تاریخ تک 3/ لاکھ 91/ ہزار 410/ خواتین کی درخواستیں درست قرار پائیں ہیں۔ ایک بھی مستحق خاتون اِس یوجنا کے فائدے سے محروم نہ رہے اِس کے لیے ضلع انتظامیہ مختلف اقدام کر رہا ہے۔ اِسی کے تحت مذکورہ درخواست دینے کی مدت آئندہ 30/ تاریخ تک بڑھائی گئی ہے۔ مستحق خواتین آنگن واڑی خادماؤں کے ذریعے درخواست دے سکتی ہیں۔

***** ***** *****

زرعی پیداوار کے لیے مناسب قیمتیں طئے کرنے کے مطالبے پر کُل ہند کاشتکار تنظیم کی جانب سے بیڑ ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے بے مدت دھرنا آندولن کیا جارہا ہے۔ گزشتہ روز جیشٹ گوری پوجا کے دن بھی کاشتکار کنبوں کی خواتین نے اِس آندولن میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

پیٹھن کے جائیکواڑی ڈیم میں 98/فیصد سے زیادہ پانی ذخیرہ ہوچکا ہے لہٰذا ڈیم کے 18/دروازے تقریباً آدھا فیٹ کھول کر 10/ہزار مکعب فیٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے گوداوری ندی میں پانی چھوڑا جارہا ہے۔ بیڑ ضلع کلکٹر نے ندی کنارے آباد دیہاتوں کو ضروری حفاظتی اقدام کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

بابائے قوم مہاتما گاندھی کی جینتی کے موقعے پر 2/اکتوبر کے روز ’’صاف بھارت دن‘‘ منایا جائے گا۔ اِسی مناسبت سے بیڑ ، ناندیڑ اور ہنگولی سمیت دیگر کئی مقامات پر آئندہ 17/تاریخ سے یکم اکتوبر کے دوران ’’ صفائی ہی خدمت ہے ‘‘ نامی مہم چلائی جائے گی۔ اِس دوران کئی سرگرمیاں انجام دی جائیں گی۔ متعلقہ انتظامیہ نے شہریان سے اِس مہم میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

لاتور شہر کے وِویکا نند چوک علاقے میں کل صبح زیر زمین آوازیں سنائی دی۔ تاہم زلزلہ پیما پر کوئی اندراج نہیں ہوا۔ ڈسٹرکٹ ڈِزاسٹر مینجمنٹ اتھاریٹی نے شہریان سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی افواہ پر توجہ نہ دیں۔

***** ***** *****

فلورینس نائٹنگل نیشنل ایوارڈس کل صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو کے ہاتھوں عطا کیے گئے۔ یہ ایوارڈ ایک لاکھ روپئے اور ستائش نامے پر مشتمل ہے۔ خیال رہے کہ نرسنگ کے شعبے میں گراں نقدر خدمات انجام دینے والی نرسوں کو یہ اعزاز دیا جاتا ہے۔ گزشتہ روز راشٹرپتی بھون میں منعقدہ تقریب میں ملک بھر کی 15/ نرسوں کو اِس اعزاز سے سرفراز کیا گیا۔

اِس مرتبہ فلورینس نائٹنگل نیشنل ایوارڈ پانے والوں میں مہاراشٹر کے چندر پور سے تعلق رکھنے والی نرس آشا باو نے بھی شامل ہیں۔ آشا باو نے کو صحت کے شعبے میں 28/سالہ بہترین خدمات انجام دینے پر اِس اعزاز سے سرفراز کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

سائبر جرائم اور مالی جھانسے بازی کے لیے استعمال کیے گئے ایک کروڑ سے زیادہ موبائل کنکشن بند کردیے گئے ہیں۔ محکمہ ٹیلی مواصلات نے یہ اطلاع دی ہے۔ موصولہ اطلاع میں مزید بتایا گیا ہے کہ گزشتہ 15 دنوں میں ساڑھے تین لاکھ سے زیادہ اسپیم نمبرات منسوخ کردیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ آیوشمان بھارت صحت عامہ منصوبے کی توسیع ' مرکزی کابینہ کا فیصلہ

☆ ریزرویشن سسٹم کو کوئی بگاڑ نہیں سکتا ' مرکزی وزیر داخلہ کا تیقن

☆ وزیر اعلیٰ تیرتھ درشن منصوبے کے تحت ناندیڑ سے ایودھیا کے لیے نکلے گی پہلی ٹرین

☆ سویابین اور کپاس کی ضمانتی قیمتوں میں اضافہ' برآمد کی اجازت دینے سے متعلق بھی حکومت کا مثبت اِرادہ ' نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار

اور

☆ بھارتی ہاکی ٹیم ایشین چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں داخل

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆